© rasailojaraid.com

## ''خصوصی تربیتی کورس'' کی تکمیل

ڈاکٹر حمید اللہؒ سیمینار کی مذکورہ تقریب کے دوران میں ہی الشریعہ اکادمی کے زیر اہتمام ایک سالہ خصوصی تربیتی کورس ۲۰۰۲ء کی تکمیل کرنے والے فضلا کو کامیابی کی اسناد بھی دی گئیں۔ اکادمی کے ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ محمد عمار خان ناصر نے اختصار کے ساتھ اس کورس کے اغراض ومقاصد اور اس کے مشمولات کا تعارف کرایا، جس کے بعد مولانا فضل الرحیم نے کورس میں شریک ہونے والے پانچ طلبہ کو اسناد اور انعامات تقسیم کیے۔ ان طلبہ کے نام حسب ذیل ہیں:

محمد عامر بن رانا محمد انور (سرگودہا)، محمد احسن ندیم بن محمد اسماعیل (سرگودہا)، عبدالحمید بن محمد بشیر (چارسدہ)، حسین احمد بن محمود الحسن (وزیرستان)، عبدالحمید بن حمید اللہ انور (لاہور)

تقریب کے اختتام پر الشریعہ اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی نے شرکا کی تشریف آوری کا شکریہ ادا کیا اور ان سے اکادمی کے پروگراموں کی کامیابی اور بہتری کے لیے دعا کی درخواست کی۔

## ایک روزہ تعلیمی ومطالعاتی دورہ

۲۹ ستمبر ۲۰۰۳ء کو الشریعہ اکادمی کے اساتذہ وطلبہ نے تعلیمی ومطالعاتی مقاصد کے تحت لاہور کے مختلف علمی اداروں کا دورہ کیا۔ شرکا نے قومی عجائب گھر، دارالدعوۃ السلفیہ اور مجلس التحقیق الاسلامی کی لائبریریاں دیکھنے کے علاوہ جناب حافظ احمد شاکر، جناب حافظ عبدالرحمٰن مدنی اور جناب جاوید احمد غامدی کے ساتھ ملاقات کی اور مختلف علمی وفکری مسائل پر ان سے سوالات کیے۔ شرکا نے جامعہ اشرفیہ لاہور کے کمپیوٹر سنٹر کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں اس شعبے کے تحت جاری مختلف سرگرمیوں سے متعارف کرایا گیا۔ شرکا نے اس تاثر کا اظہار کیا کہ مختلف مکاتب فکر کے مابین افہام وتفہیم کے فروغ اور ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو زیادہ بہتر انداز سے سمجھنے کے لیے اس طرح کے مطالعاتی دورے نہایت مفید ہیں اور دینی مدارس کے طلبہ کے لیے ایسی غیر نصابی سرگرمیوں کا زیادہ سے زیادہ اہتمام کرنا چاہیے۔

## چالیس روزہ عربی بول چال کورس

الشریعہ اکادمی کے زیر اہتمام ۱۶۔ ستمبر تا ۲۵۔ اکتوبر ۲۰۰۳ء دینی مدارس اور سکول وکالج کے طلبہ کے لیے چالیس روزہ عربی بول چال کورس کا اہتمام کیا گیا جس میں الجزائر سے تعلق رکھنے والے عرب استاذ الشیخ حبیب النجار نے تعلیم وتدریس کے فرائض انجام دیے۔ درج ذیل طلبہ نے اس کورس میں شرکت کی اور امتحان میں کام یاب ہو کر سرٹیفکیٹ کے حق دار قرار پائے:

محمد عامر بن رانا محمد انور (سرگودھا)، محمد احسن ندیم بن محمد اسماعیل (سرگودھا)، عبدالحمید بن محمد بشیر (چارسدہ)، محمد شعیب بن اللہ یار (گوجرانوالہ)، حمید الرحمٰن بن حمید اللہ انور (لاہور)، محمد نعیم اللہ بن محمد اسلم (گوجرانوالہ)، محمد عمران بن محمد عارف (آزاد کشمیر)، محمد ظفر اقبال بن محمد اقبال (گوجرانوالہ)، عرفان علی بن نور علی (فجی آئر لینڈ)، خالد جاوید بن محمد الیاس (گوجرانوالہ)



© rasailojaraid.com